## حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے پولی کلینک اور پمز اسپتال اسلام آباد میں بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی

اسلام آباد۔۔۔3، جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے منگل کی صبح پولی کلینک اور پمز اسپتال اسلام آباد کا دورہ کیا اور بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی ۔عیادت کرنے والوں ایم کیوایم کی خواتین اراکین اسمبلی بھی شامل تھیں ۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے زخمیوں سے فرداًفرداًملاقاتیں کیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی ۔انہوں نے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پرانہوں نے زخمیوں کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## کراچی کی ترقی کیلئے تمام شہریوں کوکرداراداکرنا چاہیئے ،سردارخان
## عوامی نیشنل پارٹی اورایم کیوایم کے درمیان مذاکرات کا خیرمقدم

کراچی۔۔۔3، جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے متحدہ قومی موومنٹ اورعوامی نیشنل پارٹی کے مذاکرات کوکراچی اورصوبہ سندھ کے عوام کیلئے خوش آئندہ قراردیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین کمیٹی نے کہا کہ کراچی شہرمیں پختون اوراردو بولنے والے بھی کثیرتعداد میں آباد ہیں اورشہرکی ترقی کیلئے تمام شہریوں کوکرداراداکرنا چاہیئے ۔انہوں نے کہا کہ ہم ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین اوراے این پی کی مرکزی قیادت کومبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ان دونوں قوموں کے درمیان دوریاں ختم کیں اوران کوقریب لانے کی کوشش کی جبکہ ان دونوں قوموں کا اتحاد نہ صرف دونوں پارٹیوں کے مفاد میں ہے بلکہ پورے کراچی ،صوبہ سندھ اور پاکستان کے مفاد میں ہے کیونکہ کراچی پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اوراگرکرچی مضبوط ہوگا تو پوراپاکستان مضبوط ہوگا۔

## آزادکشمیرقانون سازاسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرطاہرکھوکھر نے انتظامیہ کے خلاف تحریک استحقاق پیش کردی
## تحریک استحقاق ضلع نیلم میں ایم کیوایم کے کارکنان کی گرفتاریوں ،تشددکانشانہ بنانے اورضلع بدرکرنے کے خلاف پیش کی گئی
## اسپیکرنے تحریک استحقاق پربحث کی اجازت دی اورتحریک استحقاق کمیٹی کے سپردکرتے ہوئے مزیدکارروائی کی ہدایت کردی

مظفرآباد۔۔۔3، جون2008ء

آزادکشمیرقانون سازاسمبلی کے اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈرطاہرکھوکھر نے انتظامیہ کے خلاف تحریک پیش کی جسے اسپیکر نے منظورکرتے ہوئے بحث کی اجازت دی ۔تحریک استحقاق گزشتہ دنوں ضلع نیلم میں ایم کیوایم کے کارکنان کی گرفتاریاں ،ان کوتشددکانشانہ بنانے اوسینیٹرڈاکٹرمحمدعلی بروہی اورطاہرکھوکھر کو ضلع بدرکرنے کے خلاف پیش کی گئی ۔تحریک استحقاق پربحث کی اجازت ملنے پرطاہرکھوکھر نے بتایا کہ 19 مئی2008ءکوپاکستان کی سینٹ کے معززرکن ڈاکٹر محمدعلی بروہی اور میں شاردہ جارہے تھے تاکہ 18 مئی کے واقعہ کے بعدایم کیوایم ضلع نیلم کے کارکنان کی گرفتاری اوران پر پولیس تشددکانشانہ بننے والے کارکنان سے ملاقات کرسکیں اوراصل صورتحال سے آگاہ ہوسکیں ۔انہوں نے کہا کہ آٹھمقام کے مقام پر پولیس کی بھاری نفری نے سڑک بلاک کرکے ہمیں روکا اور مذاکرات کیلئے اسٹیٹ گیسٹ ہاؤس لے گئے اور وہاں مذاکرات کے بعدہمیں شاردہ جانے کی اجازت دے دی گئی لیکن جب میں اورسینیٹرڈاکٹرمحمدعلی بروہی آٹھمقام بازار پہنچےتوپولیس نے ہمیں آگے جانیس ے روک دیا،ایس پی ،ڈی ایس پی ،اے سی نیلم نے پولیس سے سڑک بلاک کروادی اورہمیں مظفرآبادواپس جانے پرمجبورکردیا گیااس دوران میں سینٹرڈاکٹرمحمدعلی بروہی کے ہمرہ آٹھمقام پریس فاربیس کے دفتر میں تین گھنٹے تک بیٹھے رہے ،پولیس نےہمیں آگے جانیس ےسختی سے روکا ،مسلم کانفرنس کے کارکنان نے اس پر پولیس کی موجودگی میں ہمارے خلاف نازیباالفاظ استعمال کئے ،پریس فاربیس کے دفتر پرحملہ کیااور ہمارے خلاف مظاہرہ کیااورنعرہ بازی کی گئی ۔طاہرکھوکھر نے کہا کہ اس واقعہ پرمیرااورسینٹرمحمدعلی بروہی کا استحقاق بھی مجروح ہوا ہے ۔اس موقع پراسپیکر نے کارروائی کرتے ہوئےتحریک استحقاق کمیٹی کے سپردکرتے ہوئے مزیدکارروائی کی ہدایت کی ۔

## حکمراں زلزلہ متاثرین کی 70 فیصد سے زائد رقم انتظامی اخراجات اور مہنگی ترین گاڑیاں خریدنے پر خرچ کررہی ہے، سلیم بٹ
## آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے رکن اسمبلی کا توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال

مظفرآباد۔۔۔3، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن اسمبلی سلیم بٹ نے کہا ہے کہ حکمراں متاثرین زلزلہ کی 70 فیصد سے زائد رقم انتظامی اخراجات اور مہنگی گاڑیاں خریدنے پر خرچ کررہی ہے جبکہ ڈونرز اور این جی اوز نے 6 بلین ڈالر سے زائد سرحد اور آزاد کشمیر کے متاثرین زلزلہ کیلئے دیئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس پر بات کرتے ہوئے۔توجہ دلاؤ نوٹس پر ایوان کی توجہ ایک قومی روزنامہ میں شائع ہونے والے اشتہار کی طرف دلائی گئی جس میں اے جے کے آر ایس پی کی طرف سے 147 لگژری گاڑیاں جن کی مالیت تقریباً ایک ارب کے لگ بھگ ہے۔سلیم بٹ نے کہا کہ متاثرین زلزلہ کو ایرا اوسیرا کے چکروں میں ڈالا گیا ہے اور دوسال سے 75 ہزار کی پہلی قسط کے لئے وہ ذلیل ورسوا ہورہے ہی۔سلیم بٹ نے کہا کہ 147 قیمتی ترین گاڑیاں خریدنے کیلئے جاری ہونے والے ٹینڈر کی کمیٹی کے افراد کے بارے میں بتایا جائے، حکومت من پسند افراد کو نوازنے کیلئے ادارہ اے جے کے آر ایس پی میں میرٹ کے خلاف بوگس تقرریاں کررہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سیکریٹری مالیات جو کہ گاڑیاں خریدنے والی ٹینڈر کمیٹی کے رکن ہیں انہوں نے شائع ہونے والے ٹینڈر سے لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔توجہ دلاؤ نوٹس پر دیگر اراکین اسمبلی نے بھی حصہ لیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ آئندہ اجلاس میں اس بارے میں وضاحت کی جائے کہ اس طرح کی مالیاتی کرپشن، فضول خرچی اور بے ضابطگیوں کے پیچھے کون لوگ ہیں جو متاثرین زلزلہ کی بحالی کیلئے مختص رقم کو عیاشیوں میں اڑا رہے ہیں۔

## ارشد حسین کی نئی تصنیف ''پاکستان اور حوا کی بیٹی'' شائع ہوگئی ہے
## تقریب رونمائی جولائی میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں متوقع ہے

کراچی۔۔3 جون 2008ء

معروف کالم نگار و مصنف ارشد حسین کی نئی تصنیف شائع ہوگئی ہے یہ کتاب جس کا عنوان ''پاکستان اور حوا کی بیٹی'' ہے، خواتین پر ڈھائے جانے والے مظالم اور خواتین کے حقوق کے حوالہ سے مصنف کے مختلف اخبارات میں شائع ہونے والے کالموں کا مجموعہ ہے۔اس کتاب میں پاکستانی معاشرے میں خواتین کے بنیادی حقوق غصب کرنے اور زندگی کے مختلف شعبوں میں خواتین پر ڈھائے جانے والے مظالم کو اجاگر کیا گیا ہے۔اس کتاب کی تقریب رونمائی جولائی میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں متوقع ہے۔

☆☆☆☆☆